**18-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

---------------------------------

Music

---------------------------------

- ☆ لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کی انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے۔ اس مرحلے میں پیر کے روز چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں پھیلے ہوئے 49 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔
- ☆ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے چھٹے مرحلے کے چناؤ کیلئے دلّی میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا اور بھارتی نظامِ حکومت میں مستحکم سرکار کی ضرورت پر زور دیا۔
- ☆ کانگریس کے سرکردہ لیڈر راہل گاندھی نے بھی قومی راجدھانی میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کا مقصد آئین کو بچانا ہے۔
- ☆ بھارتی موسمیات محکمے نے کیرالہ میں اگلے چند روز کیلئے شدید بارش کا الرٹ جاری کیا ہے۔ ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ کیرالہ اور لکشدیپ کے ساحل کے قریب سمندر میں نہ جائیں۔
- ☆ قزاخستان کے شہر آستانہ میں Elorda Cup میں بھارتی مکے باز نکہت زرّیں اور میناکشی نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔
- ☆ اور بینکاک میں تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے لیے انتخابی مہم آج شام ختم ہو گئی۔ سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنما اپنی پارٹی کے امیدواروں کے لیے حمایت حاصل کرنے کی خاطر زیادہ سے زیادہ حلقوں کا دورہ کر رہے تھے۔ اِس مرحلے کے تحت چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 49 حلقوں میں پیر کے روز ووٹ ڈالے جائیں

گے۔ اس کے ساتھ ساتھ اڈیشہ اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے تحت 35 اسمبلی سیٹوں پر بھی پولنگ ہوگی۔ اِس دوران انتخابات کے بقیہ مرحلوں کے لیے چناؤ مہم تیز ہوتی جا رہی ہے۔ ×

**Over All Rallies**

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے یقین دلایا ہے کہ کسانوں کی بہبود NDA سرکار کی اوّلین ترجیح ہے۔ آج ہریانہ کے امبالا شہر میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کسانوں کی بہبود اور خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے کئے گئے اقدامات کو اجاگر کیا۔

بعد میں سونی پت میں Gohana کے مقام پر ایک اور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ BJP سرکار نے وکست بھارت کا مقصد حاصل کرنے کی خاطر غریب لوگوں، نوجوانوں، کسانوں اور خواتین کو بااختیار بنانے کا عہد کر رکھا ہے۔

S/B 2100 PM On Four Pillars

آج شام شمال مشرقی دلّی میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو ایک مستحکم سرکار کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ 2024 کے عام انتخابات اقرباء پروری کی ذہنیت اور اُن طاقتوں کو شکست دینے کیلئے اہمیت کے حامل ہیں جو بھارت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔

انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ قومی راجدھانی کو دنیا کیلئے پُرکشش بننا چاہئے۔ جناب مودی نے کہا کہ جی-ٹوینٹی سربراہ کانفرنس کے دوران دلّی کی کایا پلٹ سے عالمی رہنما کافی متاثر اور حیرت زدہ تھے۔ جناب مودی نے الزام لگایا کہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ ڈالنے پر تُلا ہوا ہے۔

اترپردیش میں بھی لوک سبھا کی 14 سیٹوں کیلئے انتخابی مہم آج شام ختم ہوگئی۔ مرکزی وزیر اور BJP کے سرکردہ لیڈر راجناتھ سنگھ نے آج بستی ضلع میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

مرکزی وزیر اور BJP کے سرکردہ رہنما امت شاہ نے آج امیٹھی میں پارٹی امیدوار اسمرتی ایرانی کی حمایت میں ایک روڈ شو کیا۔ جناب امت شاہ نے باندہ اور جھانسی میں انتخابی ریلیوں سے بھی خطاب کیا۔

اِدھر بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے بستی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

VC/ Om Awasthi

پیر کے روز ریاست میں جن 14 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے، اُن میں رائے بریلی، امیٹھی، لکھنؤ، موہن لال گنج، ہمیر پور، جالون، جھانسی، باندہ، فتح پور، کوشامبی، فیض آباد، بارہ بنکی، قیصر گنج اور گونڈہ شامل ہیں۔ یہ سبھی 14 سیٹیں BJP کیلئے اہمیت کی حامل ہیں کیونکہ 2019 کے انتخابات میں 14 میں سے 13 سیٹوں پر BJP نے کامیابی حاصل کی تھی۔ اُس وقت BJP کو صرف رائے بریلی سیٹ پر شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ وہاں کانگریس کی سابق سربراہ سونیا گاندھی کامیاب ہوئی تھیں۔

ادھر مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ تیسری مرتبہ BJP امیدوار کے طور پر لکھنؤ پارلیمانی سیٹ سے چناؤ لڑ رہے

ہیں۔ اُن کا مقابلہ سماجوادی پارٹی کے روی داس مہروترا اور بہوجن سماج پارٹی کے امیدوار سرور ملک سے ہے۔
اِس بار اسمرتی ایرانی کا مقابلہ امیٹھی میں کانگریس کے کے ایل شرما سے ہے۔ راہل گاندھی رائے بریلی میں BJP کے دِنیش پرتاپ سنگھ کے خلاف چناؤ لڑ رہے ہیں۔ ریاست میں اِس مرحلے میں سبھی حلقوں میں پُرامن اور منصفانہ ووٹنگ کیلئے تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

------

کانگریس کے سرکردہ لیڈر راہل گاندھی نے کہا ہے کہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد کا اوّلین مقصد آئین کو بچانا ہے۔ آج دلّی کے رام لیلا میدان میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب راہل گاندھی نے الزام لگایا کہ حکمراں پارٹی آئین کو کمزور کرنا چاہتی ہے۔

S/B 2100 Rahul Gandhi Constitution

جناب راہل گاندھی نے الزام لگایا کہ نریندر مودی سرکار نے چھوٹے کاروباری افراد کیلئے کچھ نہیں کیا لیکن چند صنعتکاروں کو 16 لاکھ کروڑ روپئے دے دیئے۔ انھوں نے الیکٹورل بونڈس اور بے روزگاری کے معاملے پر BJP کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ کانگریس لیڈر نے کہا کہ یہ بات دلچسپ ہے کہ اس چناؤ میں وہ عام آدمی پارٹی کیلئے ووٹ دیں گے جبکہ عام آدمی پارٹی کے سربراہ اروند کیجریوال کانگریس کیلئے ووٹ کریں گے۔x

## Election Preparation Mumbai

عام انتخابات 2024 کے پانچویں مرحلے کے تحت ممبئی میں ووٹنگ کے لیے تیاریاں جاری ہیں اور ممبئی کے کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر سنجے یادو نے ممبئی کے باشندوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔ ووٹنگ کے عمل میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو شامل ہونے کی خاطر حوصلہ افزائی کے لیے انتخابی کمیشن کی جانب سے فراہم کی جارہی مختلف سہولیات کی تفصیل بتاتے ہوئے ضلع انتخابی افسر نے کہا کہ سبھی پولنگ مراکز گراؤنڈ فلور پر بنائے گئے ہیں۔
انہوں نے کہا کہ پینے کا پانی اور بیت الخلاء جیسی ضروری سہولیات بھی مہیا کرائی جا رہی ہیں۔ پولنگ مراکز میں خواتین، بزرگ شہریوں اور معذور ووٹروں کے لیے علیحدہ قطاریں ہوں گی۔
ضلع انتخابی افسر نے اُن افراد کے لیے گھر سے ووٹ دینے کی سہولت کا انتظام کیا ہے جو زیادہ عمر یا دیگر وجوہات کے سبب پولنگ مراکز پرنہیں جا سکتے۔

S/B- 2100 - Sanjay Yadav Mumbai Collector

## Constituency Profile Mumbai Nort Central

ممبئی نارتھ سینٹرل لوک سبھا سیٹ، چھ اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے جن میں وِلے پارلے، چاندی ولی، کُرلا، کلینا، باندرا ایسٹ اور باندرا ویسٹ شامل ہیں۔ یہاں کل 17 لاکھ 44 ہزار ووٹر ہیں اور ٹریفک کا بندوبست، بنیادی ڈھانچے کی پریشانی اور آلودگی یہاں کے کچھ اہم معاملات ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Prarthna

ممبئی نارتھ سینٹرل لوک سبھا حلقے کو اکثر مِنی ممبئی کہا جاتا ہے جہاں جھگی جھونپڑی میں رہنے والے لوگوں سے لے کر فلمی ستاروں تک مختلف مذاہب اور ثقافت پر مبنی شہر کی ملی جلی آبادی رہتی ہے۔ اِس حلقے نے گذشتہ برس میں سیاسی نشیب و فراز دیکھے ہیں۔ پچھلے انتخابات میں BJP کی پونم مہاجن نے کانگریس کی پریا دت کو 2014 اور 2019 دونوں میں شکست دی تھی۔ البتہ، 2024 کے چناؤ میں BJP اور کانگریس کے درمیان ایک دلچسپ مقابلہ ہے۔ BJP نے دو مرتبہ کی رکن پارلیمنٹ پونم مہاجن کی جگہ مراٹھا برادری سے تعلق رکھنے والے فوجداری معاملات کے ایک سینئر وکیل اُجول نِکم کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔

دوسری طرف کانگریس نے ورشا گائیکواڑ کو اپنا امیدوار بنایا ہے جو پارٹی کی ممبئی کے چیف اور دھاراوی سے چار مرتبہ رکن اسمبلی رہ چکی ہیں۔ حالانکہ 27 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں لیکن اس سیٹ سے ان دونوں کے درمیان سخت مقابلہ ہونے کی امید ہے۔

## Jharkhand CEO

جھارکھنڈ کے چیف انتخابی افسر کے روی کمار نے آج کہا کہ ریاست کے دور دراز Latehar اور Chatra ضلعوں کے لیے ایک سیکٹر افسر سمیت 148 پولنگ اہلکاروں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے بھیج دیا گیا ہے جہاں، 20 مئی کو ووٹ ڈالے جانے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ 148 پولنگ اہلکار 65 پولنگ مراکز پر تعینات کیے جائیں گے۔ ووٹروں سے ووٹر سلِپ پر اپنے سیرئل نمبر چیک کرنے کی اپیل کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس سے انہیں بغیر کسی پریشانی کے اپنا ووٹ دینے میں مدد ملے گی اور زیادہ سے زیادہ لوگ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کر سکیں گے۔

چیف انتخابی افسر نے کہا کہ FST اور SST نے اب تک ریاست کے مختلف حصوں سے 119 اعشاریہ پانچ کروڑ روپے نقد اور شراب ضبط کی ہے۔x

## EC Seizures

لوک سبھا انتخابات کے دوران پیسے کی طاقت اور مختلف اشیاء کے لالچ کے خلاف انتخابی کمیشن کی جامع کارروائی کے نتیجے میں ایجنسیوں کی جانب سے 8 ہزار 889 کروڑ روپے ضبط کیے گئے ہیں۔ انتخابی ادارے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ نشیلی اشیاء سمیت مختلف چیزوں کی لالچ کے خلاف سخت چوکسی سے انہیں ضبط کرنے کی کارروائی انجام دی جاسکی ہے۔ انتخابی مہم میں اضافے کے ساتھ ہی ووٹروں کو لالچ دے کر اثرانداز کرنے کی کوششوں پر انتخابی کمیشن قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ اُس نے CEOs اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو چوکسی بڑھانے کی ہدایت دی ہیں۔x

## Kerala Rain

کیرالہ میں موسمیات محکمے نے شدید بارش کا سلسلہ اگلے پانچ دن تک جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ تیز ہواؤں اور خراب موسم کی وجہ سے ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ سمندر میں نہ جائیں۔

پتھنم تھِٹا، Idukki اور Kottayam ضلع میں دو دن کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ تیرووننتھاپورم، کولم اور Alappuzha نیز اِرناکلم ضلعوں میں دو دن کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست کے پہاڑی خطوں میں بھی چوکسی برتنے کا اعلان کیا گیا ہے۔x

## Rajasthan Heat Wave

راجستھان اِن دنوں شدید گرمی کی گرفت میں ہے۔ ریاست کے بیشتر حصوں میں دن کا درجۂ حرارت 45 ڈگری سیلسیس سے اوپر چل رہا ہے۔ باڑمیر میں آج ٹمپریچر 46 اعشاریہ نو ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا۔ اُدھر Pilani میں پارہ 46 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جبکہ جیسلمیر، کرولی، گنگانگر اور جالور میں یہ 46 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس رہا۔ اُدھر فتح پور میں دن کا درجۂ حرارت 46 اعشاریہ ایک ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ......................

VC Jitendra Dwivedi

ریاست کے کئی شہروں میں دن کا ٹمپریچر 45 ڈگری سیلسیس سے اوپر چل رہا ہے۔ اِن میں بھرت پور، کوٹہ، جودھپور، چورو، بیکانیر، دھول پور، Baran اور Sangaria شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ، جیسلمیر، جودھپور، کوٹہ، جالور اور دھول پور میں رات کا درجۂ حرارت بھی 30 ڈگری سیلسیس سے اوپر ریکارڈ کیا گیا۔

Phalodi میں رات کا ٹمپریچر 34 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ شدید گرمی کی وجہ سے کئی لوگ دن کے وقت باہر نکلنے سے گریز کر رہے ہیں۔ موسمیات محکمے کے مطابق ریاست میں شدید گرمی کا سلسلہ اگلے ایک ہفتے تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

## MEA Advisory Bishkek

بھارت نے کرغزستان کے شہر بشکیک میں رہنے والے بھارتی طلبا کو صلاح دی ہے کہ وہ لوگوں کے ہجوم کے تشدد کے مدنظر باہر نکلنے سے گریز کریں۔ اِن حملوں میں غیرملکی طلبا کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔

بشکیک میں بھارتی طلبا کی خیروعافیت کا یقین دلاتے ہوئے وزیر خارجہ ایس جےَ شنکر نے کہا کہ صورتحال پر نظر رکھی جارہی ہے اور وہاں حالات اب پرسکون بتائے جاتے ہیں۔ انھوں نے بھارتی طلبا کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ سفارتخانے کے ساتھ رابطہ قائم رکھیں۔ کرغزستان میں بھارتی سفارتخانے نے طلبا کیلئے دن رات کام کرنے والا ایک رابطہ نمبر جاری کیا ہے جو اس طرح ہے۔ صفر پانچ پانچ - پانچ سات ایک - صفر صفر چار ایک

بشکیک میں گذشتہ چند روز سے بڑے پیمانے پر تشدد کے واقعات ہو رہے ہیں۔ وہاں چار پاکستانی طلبا مارے گئے ہیں اور کئی زخمی ہوئے ہیں۔ یہ واقعہ اِس مہینے کی 13 تاریخ کو ایک ہاسٹل میں پاکستانی طلبا کے ساتھ ایک

جھگڑے سے شروع ہوا۔ اس کے بعد وہاں بڑی جارحیت دیکھنے میں آئی۔
اُدھر کرغزستان کی وزارت خارجہ نے مطلع کیا ہے کہ بشکیک شہر میں حالات پوری طرح کنٹرول میں ہیں اور سلامتی کو یقینی بنانے اور امن واستحکام برقرار رکھنے کیلئے سبھی ضروری اقدامات کئے گئے ہیں۔ ایک بیان میں وہاں کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ تخریب کار قوتیں غیرملکی ذرائع ابلاغ اور سوشل نیٹ ورک، خاص طور پر پاکستان میں کرغز جمہوریہ کے حالات کے بارے میں دانستہ طور پر غلط جانکاری پھیلا رہی ہیں۔x

## Delhi Police Bibhav Arrest

دلّی پولیس نے عام آدمی پارٹی کی ممبر پارلیمنٹ سواتی مالیوال پر مبینہ حملے کے سلسلے میں وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے معاون Bibhav Kumar کو گرفتار کرلیا ہے۔
اِس سے پہلے محترمہ مالیوال نے اِس مہینے کی 13 تاریخ کو جناب کیجریوال کی رہائش گاہ پر ہراساں کئے جانے اور اذیت پہنچانے کا الزام لگاتے ہوئے Bibhav Kumar کے خلاف شکایت درج کرائی تھی۔
دوسری طرف Bibhav Kumar نے بھی یہ الزام لگاتے ہوئے محترمہ مالیوال کے خلاف جوابی شکایت درج کرائی ہے کہ وہ اُس دن غیرقانونی طریقے سے وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ میں داخل ہوئی تھیں۔
ادھر عام آدمی پارٹی کے سربراہ اور دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے BJP پر پارٹی کے خلاف انتقامی کارروائی کرنے کا الزام لگایا ہے۔ ایک ویڈیو پیغام میں جناب کیجریوال نے کہا ہے کہ پارٹی لیڈر کل BJP ہیڈکوارٹر کے باہر 'جیل بھرو' پروگرام چلائیں گے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ BJP، عام آدمی پارٹی کے لیڈروں راگھو چڈھا اور آتشی کو جیل میں بند کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ جناب کیجریوال نے مزید کہا کہ اُن کی پارٹی کا قصور صرف یہ ہے کہ اُس نے غریبوں، طلبا اور مریضوں کی بہبود کیلئے کام کیا ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ عام آدمی پارٹی کو اتنی آسانی سے ختم نہیں کیا جاسکتا۔x

## SL Seetha Amman Temple

سری لنکا کے Seetha Eliya میں سیتا امّن مندر کل کے Kumbh Abhishekam کیلئے تیار ہے۔
کولمبو سے کل صبح جس رتھ کو روانہ کیا گیا تھا وہ Saryu ندی کا تقریباً 25 لیٹر پوتر جل لے کر سیتا امّن مندر پہنچ گیا ہے۔ یہ پانی ایودھیا سے لایا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ ترومالا تروپتی مندر سے پانچ ہزار لڈو بھی لائے گئے ہیں۔
اِس موقع پر بھارت اور نیپال کے کئی حصوں سے عقیدتمند Seetha Eliya پہنچے ہیں۔ بڑی تعداد میں عقیدتمند درشن کیلئے مندر میں قطار لگائے کھڑے ہیں۔
Seetha Eliya یا اشوک واٹیکا کے بارے میں یہ مانا جاتا ہے کہ یہ وہی مقام ہے جہاں دیوی سیتا کو راون نے قید میں رکھا تھا۔
اس سے پہلے سیتا مندر کی طرف سے ایودھیا میں رام للّا مندر کی تعمیر میں ایک پوتر Shila بھیجی گئی تھی۔x

## Elorda Cup Boxing

باکسنگ میں آج قزاخستان کے آستانہ میں بھارت کی موجودہ عالمی چمپئن نکہت زرّین اور ایک اور مکّے باز مناکشی نے Elorda Cup 2024 میں سونے کے تمغے جیتے ہیں۔ خواتین کے 52 کلوگرام کے زمرے میں نکہت نے قزاخستان کی Zhazira Urakbayeva کو پانچ-صفر سے شکست دی جبکہ میناکشی نے خواتین کے 48 کلوگرام کے مقابلے میں ازبیکستان کی مکے باز کو چار-ایک سے ہرایا۔ اِس دوران 50 کلوگرام کے زمرے میں انامیکا اور 60 کلوگرام میں منیشا دونوں ہی ہار گئیں اور انہیں چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ Elorda Cup 2024 میں بھارت کے مکے بازوں نے سونے کے دو، چاندی کے دو اور کانسے کے آٹھ تمغوں سمیت 12 تمغے جیتے۔ ×

## Thailand Open

بیڈمنٹن میں، تھائی لینڈ کے بینکاک میں، تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی چراغ شیٹی اور ساوتوک سائی راج رنکی ریڈی مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے آج سیمی فائنل میں تائیوان کی M.C. Lu اور Tang Kai Wei کی جوری کو اکیس-گیارہ، اکیس -بارہ سے سیدھے سیٹوں میں ہرایا۔ اب فائنل میں کل اُن کا مقابلہ تائیوان کے Liu Yi اور چین کے Chen Boyang کی جوڑی سے ہوگا۔

اِس دوران خواتین کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں بھارت کی تنیشا کاسٹرو اور اشونی پونپّا میزبان ملک کے کھلاڑیوں کی جوڑی سے اکیس-بارہ، بائس-بیس سے ہار گئیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆